"مالک کی ہستی ایک ایسی ہستی ہے جس میں کوئی ہیر پھیر نہ ہے چکر صرف ہم میں ہے بالکل ایسے جیسے اگر کوئی شیشے کے سامنے کھڑا ہو کر جیسی شکل بنا کر دیکھتا رہے۔ شیشے میں ویسی ہی شکل نظر آئے گی۔ مقصد کی بات یہ کہ اگر مالکِ حقیقی کے ساتھ صحیح لو لگالی ہے تو اسی میں سماجاؤ گے ورنہ جدا بھٹکتے رہو گے۔"

کنڈلیا چھند

ست گرو انتر کھول کر وِکھلایا محبوب
روحل من موہن سوئی جو خوبن میں خوب
جو خُوبن میں خوب سوئی اب سہجے پایو
سپھل بھیو سب کاج منشا منگل گایو

"مرشد نے اندر کی کھڑکی کھول کر ایسا محبوب یعنی روشنی دکھائی جو اعلیٰ سے اعلیٰ ترین ہے۔ جب مرشد کی کرم نوازی ہوئی تو وہ روشنی جو سب سے عمدہ ہے اس جلد پالیا اور جب روشنی مل گئی تو تمام کامیابی حاصل ہوئی۔ اسی محبوب سے وصال ہوا اور ہم نے خوشی منائی۔"

دوہا: جاں گھٹ انبھو سو کہیجے وڈ بھاگ
جیسے پارس لوہ کو تُرنت مٹاوے داگ

"مرشد فرماتے ہیں کہ جس کے اندر عشق الٰہی پیدا ہوتا ہے وہ بڑے نصیبوں والا ہے جیسے پارس کے چھونے سے لوہا صاف ہو کر سونا بن جاتا ہے اسی طرح مالک سے لو لگانے والا کندن بن جاتا ہے۔"

دوہا: ترُت مٹاوے داگ کرے پَن کنچن جیسو
ست گرو وچن روپ سمجھ جیسے کو تیسو

"جس طرح لوہا صاف ہو کر سونا بن جاتا ہے اسی طرح مرشد و ہادی کے اقوال

زریں سے انسان راہ ہدایت حاصل کر کے سونا بن جاتا ہے"

دوہا: روحل عشق میدان میں مرن کنوں مت بھاگ
جاں گھٹ انبو اُپجے سو کہیجے وڈ بھاگ

"روحل صاحب" فرماتے ہیں کہ عشق کے میدان سے نہ بھاگ کیونکہ جس کے اندر عشق الٰہی پیدا ہوتا ہے وہ بڑے بھاگ والا ہوتا ہے۔"

جھولنا۔ لکھ وید پُران انیک پڑھیں ست سنگ بناں رنگ لاگے ناہیں
محبوب کا مُکھ نہ دیکھ سکے جو دوئی کی نیند سوں جاگے ناہیں
نال یار وصال نہ تھیوے تنہاں جنہاں ممتا موہ دے روگ کوں تیاگے
ناہیں
روحل عشق میدان محبت دے سورا سوئی جو مُڑ بھاگے ناہیں

"لاکھوں کتابیں پڑھنے سے کچھ حاصل نہ ہو گا جب تک اچھی صحبت حاصل نہ ہو۔ مالک حقیقی کا دیدار اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک وہ غفلت کی نیند سے نہیں جاگ جاتا، محبوب کے ساتھ اس وقت تک ملاپ نہیں ہو سکتا جب تک حرص ولالچ کو دور بھگا نہیں دیتا۔ میدانِ عشق میں وہی بہادر ہوتا ہے جو میدان چھوڑ کر نہیں بھاگتا۔"

جھولنا۔ پر روپ کے عاشق بہت دیکھے اپنے روپ کا عاشق کوئی ہے جی
جاں سوں پنڈ برہمنڈ پرکاش ہوا سارا سرشٹی رچی جگ جوئی ہے جی
چار کونٹ میں جائے تپاش دیکھیا جہاں جاؤں تہاں ساگی سوئی ہے جی
اور رام سیتی روحل کام کیہا آتم رام میری دل موہی ہے جی

"روحل صاحب فرماتے ہیں کہ جب انسان اپنے آپ کو پہچان لیتا ہے تبھی اس کو ہر جگہ محبوب کا جلوہ نظر آتا ہے۔ چاروں طرف ڈھونڈ کر دیکھا مگر ہر طرف وہی ملا۔ روحل صاحب فرماتے ہیں کہ اور سب سہارے چھوڑ کر اس ایک مالک سے لو لگائی جائے۔"

دوہا: تم جیسو گرُو بھیٹیو بڑو ہمارو بھاگ
جیسے پارس لوہ کو ترت مٹاوے داگ

"یہ ہمارے بھاگ ہیں کہ آپ جیسا رہبر ملا جس طرح پارس لوہے کو سونا بنا دیتا ہے اسی طرح مجھ میں عشق الٰہی بیدار ہو گیا ہے۔"

جھولنا۔ ایک سجن نہیں دُرجن کہوں تم من سنو مت میری
جان اجان تجو ابھمان کرو نہ گمان نہیں کوئی ویری
آد اروُپ دھریو اب روپ پڑو مت کوُپ لہو سُدھ سیری
روحل رنگ لگو پیا سنگ پڑے نہیں بھنگ مٹی جم پھیری

"آپ فرماتے ہیں کہ ایک ہی ہستی کا جلوہ نمودار ہے اے من میری اس بات کو سچ مان۔ انجان مت بن وہم و گمان اور غرور تکبر کو چھوڑ دو پھر تیرا کوئی بھی دشمن نہیں ہے۔ اندھیرے میں جانے کی بجائے اس مخفی راز کو سمجھو جس نے جلوہ دکھایا ہے۔ اے روحل جب سے اس پیا یعنی مخفی راز کو پا لیا ہے تب سے موت کا ڈر ختم ہو گیا ہے۔"

دوہا: من موہن کے رُوپ کی بات نہ برتی جاء
جیوں گونگا سپنا لہے سمر سمر پچھتاء

"خوبصورت پیا کی شکل وصورت ایسی ہے کہ جس کو بیان نہیں کیا جا سکتا جس طرح بہرہ کوئی خواب دیکھ لے تو اسے یاد کر کر کے اپنے تک اس راز کو رکھ سکتا ہے دوسروں کو بیان نہیں کر سکتا۔"

من کو اپدیس "(گروواچ چھند)

پریت کی ریت کہوں تم کوں چیت لائے سنو بھنورا من میرا
اے جگ جان جیسو سپنو تج جھوٹ کی اوٹ نہیں کچھ تیرا
تا نہیں سوں نینہہ کرو ادھک جاں کے سنگ ترو بھوجل کا گھیرا
سائیں کے نام کو نیر ہیو رچ روحل تو مٹے جم پھیرا

"اے غافل من میں تجھ کو محبت اور پریم کا راستہ دکھاتا ہو تم اس کو دھیان سے سنو یہ جہان ایک خواب کی مانند ہے۔ جھوٹ کا سہارا نہ لے کیونکہ اس میں تیرا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ اس مالک سے بہت زیادہ محبت کرو جس سے تو اپنی مشکلات کے سمندر کو پار کر سکے۔ اس مالک کے نام کو ہروقت یاد کرو تا کہ موت کا خوف نہ رہے۔"

سویا۔ مانش کو اوتار بھلو نج نام بناں کہیں کام کس کو
جیوں کا من ہار سنگھار کرے برتار بناں سب لاگت پھیکو
چیت اچیت کہوں تم کو دل بھیتر نور بسے پربھ جی کو
تنت جوت سروپ لبے ار انتر روحل رنگ لاگو تہیں کو

"فرماتے ہیں کہ اگرچہ انسان اشرف المخلوقات ہے مگر صحیح راستے کے علم کے بغیر یہی انسان کسی کام کا نہیں ہے۔ جس طرح ایک بیوہ عورت ہار سنگھار کرے مگر خاوند نہ ہونے کے باعث اس کا بناؤ سنگھار کسی کام کا نہیں رہتا۔ اے غافل میں تجھے کہتا ہوں کہ تیرے اندر اسی مالک کا نور ہے اے روحل وہی آدمی کامیاب ہوتا ہے جس کو اس اندر کی روشنی یعنی نور کی پہچان ہو۔"

سویا۔ ایک اکھنڈ برھم براجت اونچ نیچ نہیں کچھ تاہیں
چوراسی لکھ جوُن اَپائے کے آپ وسے سب گھٹ ماہیں
تاہیں ایک روپ انیک دھریا جگ بھوُل پڑیو جن کو گم ناہیں
روحل رنگ لگو جن کو سے ایک الکھ دیکھن سب گھٹ ماہیں

"وہ ہستی ایک ایسی ہستی ہے جو اونچ نیچ نہیں رکھتی وہ ہر جگہ اور ہر چیز میں موجود ہے۔ جتنی بھی مخلوقات ہے سب کے اندر اسی مالک کی قدرت ہے۔ اس نے لاتعداد جلوے دکھائے ہیں مگر بے خبر دنیا والے اس بات کو نہیں سمجھ سکے۔ اے روحل صرف وہی لوگ کامیاب و کامران ہوتے ہیں جو ہر شے میں اس کا جلوہ دیکھتے ہیں۔"

دوہا: ناں کچھ اونچ نہ نیچ ہے سَم کر جانو ایک
روحل سُوجھی تب پڑے جب کھُلے وِچار وِویک

"روحل صاحب فرماتے ہیں کہ وہ مالک ہر جگہ یکساں موجود ہے اس کے نزدیک کوئی اونچ نیچ نہ ہے لیکن اس بات کی خبر تب پڑتی ہے جب کوئی راہ ہدایت پر چلتا ہے۔"

دوہا: کیا کہوں کاں سے کہوں مُکھ سوں بنے نہ بات
جہاں دیکھوں تہاں آتما سب صاحب کی ذات

"روحل صاحب جنھوں نے کہ مالک کے جلوے کو پالیا ہے فرماتے ہیں کہ میں کیا کہوں اور کس سے کہوں منہ سے بات بننے میں نہیں آتی جدھر دیکھتا ہوں

وہی ہستی محیط ہے۔"

چوپائی: جو گرو کہیو ہنچے آیو آپ آپ کو درشن پایو
جہاں دیکھوں نرمل نور سرب ویاپک ہے بھرپور

"فرماتے ہیں کہ مرشد اور رہبر کی ہدایت پر چل کر ہی میں نے مالک کا دیدار پایا ہے۔ کائنات اس کے نور سے روشن ہے اور وہ سب میں اور ہر جگہ موجود ہے۔"

چوپائی: جاں کوں کہتا اور توں سو تاں تیرو روپ
گیان کنڈھی میں تولئے تو ایک ہے الکھ انوپ

جس کو تو جدا سمجھتا ہے وہی تو تیرے پاس ہے سوچ سمجھ کر معرفت کی نگاہ سے دیکھو تو ہر جگہ اس کا جلوہ موجود ہے۔"

سویا۔ جو اپدیش کیو گر پورن سو اپنی دل لاگ رہیو ہے
جیسے چکور کو چاند سے من اوراں کو تیاگ رہیو ہے
گیان کو دیپ پرکاش بھیو جب اگیان اندھیرو بھاگ رہیو ہے
روحل رام بسے جن کے گھٹ سو دوئی کی نیند سوں جاگ رہیو ہے

"کامل مرشد کی ہدایت میں میرا دل ہر وقت لگا رہتا ہے جس طرح کہ چکور کو صرف چاند سے محبت ہوتی ہے باقی دنیا سے وہ بالکل بے خبر رہتا ہے جب ہدایت کی روشنی ہوتی ہے تو دل کی تاریکی ختم ہو جاتی ہے اور وہ اپنے اندر مالک کو پالیتے ہیں اور دوئی کی نیند سے جاگ جاتے ہیں۔"

دوہا: جاں گھٹ کھُلیو وِچار وویکؔ سنو واں کی گتَ نیاری
پیا پیالہ پریم کا چڑھی تاہیں عشق خُماری

"جن کے اندر عشق الٰہی پیدا ہوا ان کی بات ہی الگ ہوتی ہے جنہوں نے عشق کا پیالہ پی لیا ہے وہ سدا مالک کے عشق میں مگن رہتے ہیں۔"

دوہا: ادُ بدُھ گرنتھ میں اُلٹے وچن انیک
سمجھے گا کو سنت جن جاں گھٹ وِچار وِویک

"ادبدھ گرنتھ (شاستر) میں ایسی بہت سی پوشیدہ باتیں ہیں جن کو صرف وہی لوگ سمجھ سکیں گے جو اس راز سے واقف ہوں گے۔"

شاستر "سرب گیان" یا "نج مول گرنتھ"

صوفی روحل صاحب کا شاستر "سرب گیان" یا "نج مول گرنتھ" ایسا شاستر ہے جس کے پڑھنے سے گیان (راہ ہدایت) ملتا ہے اور من چت کا جھگڑا مٹ جاتا ہے۔ اس میں ہندی زبان میں دوہا، چوپائی، اور چھند وغیرہ دیئے گئے ہیں۔ اس شاستر میں خاص طور پر ہدایت اور معرفت کی باتوں کو اجاگر کیا گیا ہے۔"

دوہا: سب کا صاحب ہم ہوں روحل نام دھرایا
ھتا بدیہ دیہہ نہیں دھاری جب میں بُنس پچھایا

"آپ فرماتے ہیں کہ سب کا مالک میں ہوں اور روحل نام رکھا کر آیا ہوں۔ ایک چھپے ہوئے راز کو ظاہر کیا۔"

دوہا: فقیر سنت ہیں ہمارا اوہی تو جم کال سوں زورا ور ہے
ان کی چودہ لوکاں سے دھام نیاری ہے

"جو صحیح درویش اور فقیر ہیں ان کو موت کبھی نہیں مارتی وہ موت سے طاقتور ہوتے ہیں ان کا ایک الگ خاص مقام ہوتا ہے۔"

دوہا: انہوں کے صاحب ہم ہیں روحل نام دھرایا
اَد بَدھ اَجر پلاؤں پیالہ کوئی ہووے ہنس پیارا

"روحل صاحب فرماتے ہیں میں روحل نام دھرا کر ان لوگوں کی رہنمائی کے لیے آیا ہوں جو عشق کا غیر فانی جام پینے کے لئے تیار ہوں۔"

دوہا: اگم لوک کی بات سناؤں سب کا میٹوں بھرم اندھیرا
آوے اگیانی سدھ گیان پاوے کوڑ ساچ کا کروں نیڑا

دوہا: نام ہمارا تو بج دھن ہے بھاگ بڑا جس پایا
انا سرت کی ڈور لگا کر دھام اڈیٹھ اروپ سمایا

"مالک حقیقی کا نام اصل دولت ہے اور اسے نصیبوں والا ہی حاصل کر سکتا ہے۔ صرف وہی لوگ اس مالک کے راز کو پا سکتے ہیں جو صرف اور صرف اسی کے نام کی بے انتہا تسبیح خوانی کرتے ہیں۔"

دوہا: پہنچ امر لوک مرت لوگ نہیں آوے اجر امر ہو جاوے
آگے ہتا ہنس بچھڑیا مل صاحب نام کہاوے

"جب وہ لافانی مقام پر پہنچتا ہے تو سدا حیات ہو جاتا ہے پہلے جو خود کو الگ سمجھتا تھا اب وہ حقیقتاً امر ہو جاتا ہے۔"

دوہا: مجھ میں سمائے میرا ہوئے رہے پھیرے ست نام دہائی
روحل نام دھرایا جب ہی آئے سب کا پھند چھڑائی

"مالک سے لو لگانے والے مالک کے نام کا ہی پرچار کرتے ہیں اور ہر کسی کے جو اس کا ہو جاتا ہے دکھ درد ختم کر دیتے ہیں۔"

دوہا: ہندو ترک دونوں پر لاگی چھاپ ہماری
ست نام کا بیڑا ساتھ لیا کیا تیاگی کیا گھر باری

"مالک کائنات فرماتا ہے کہ تمام انسانوں کو میں ہدایت دیتا ہوں۔ چاہے انسان جیسا بھی ہے میرا نام لینے سے پار اتر جائے گا۔"

دوہا: روحل صاحب وچن اچارے سنتا ہے کوئی سنت ہمارا
جے کوئی ایہہ وارتا سمجھے ھفسا بدھ بدھ پر گھٹ کہوں تت سارا

"روحل صاحب فرماتے ہیں کہ میں نے اس مالک کی ہر بات اچھی طرح واضح کردی ہے۔ اب یہ سمجھنے والے پر منحصر ہے کہ وہ اس کو کس طرح سمجھتا ہے۔"

دوہا: ایسا اروپ ہمارا سادھو مانَس دیہہ دھر آئے
سرب سکل کا ھم ہوں صاحب روحل نام کہائے

"اس دوہے میں روحل صاحب فرماتے ہیں کہ میرا کوئی روپ نہ ہے پھر بھی انسانی شکل وصورت اختیار کرکے کائنات کو راہ ہدایت دینے آئے ہیں۔"

دوہا: ہندُ ترُک دوناں کو پرگھٹ کہے سمجھائے بلاؤں
جے کوئی آوے میری راہ ماہیں تو امر لوک لے جاؤں

"روحل صاحب تمام انسانوں کے لئے مشعل راہ ہیں ان کے نزدیک رنگ و نسل کی کوئی پابندی نہ ہے۔ فرماتے ہیں کہ جو کوئی میرے بتائے ہوئے راستے پر چلے گا اسے لافانی مقام حاصل ہوگا۔"

دوہا: راجہ ہووے پرجا ہووے اُونچ نِیچ نہیں کوئی
میرے نام سوں ہیت لگاوے ترُت لے جاؤں سوئی

"روحل صاحب کے نزدیک کوئی امیر ہو یا غریب، راجہ ہو یا عوام سب برابر ہیں۔ فرماتے ہیں کہ جو کوئی مالک حقیقی کے نام سے محبت کرے گا اسے جلدی منزلِ مقصود مل جائے گی۔"

دوہا: جیوں ڈُونڈھی اُوپر سوان ہووے بھیلا بھونک کرت لڑائی
دوئی باندھے اگیانی اندھا کھانچو تان ماہیں مرجائی

”روحل صاحب نے اس شاستر میں کافی استعارات و تشبیہات وعلامات کے ذریعے حقیقی راہ دکھانے کی کوشش کی ہے۔ فرماتے ہیں کہ جس طرح مری ہوئی حیوانی لاش پر کتے جمع ہو کر لڑنا جھگڑنا شروع کردیتے ہیں اسی طرح اس دنیا میں لوگ آکر بھٹک جاتے ہیں اور لڑائی جھگڑا کرتے ہیں کہ ہم صحیح راستے پر ہیں حالانکہ وہ اصل رستے سے بے خبر ہوتے ہیں۔“

دوہا: اندھا لوک سمجھ نہ راکھے پھیر ایہاں نہیں رہنا
گھر مایا ست ناری سب چھوڑ اکیلا جانا

”اس دنیا کے موہ میں پھنس کر بے سمجھ لوگ بھول جاتے ہیں کہ یہ دنیا فانی ہے اور یہاں کسی نے نہیں رہنا ہے۔ دھن دولت، بیوی بچے سب کچھ چھوڑ کر اکیلے جانا ہے۔“

دوہا: اس جگ میں کوئی کسی کا ناہیں راکھے جھوٹی آسا
ایہہ آسا سب من میں رہی جاسیں پھوک نر آسا

”اس کائنات میں کوئی کسی کا نہیں ہے سب امیدیں جھوٹی ہیں۔ یہ جھوٹی امیدیں اسی جگہ رہ جائیں گی خالی ہاتھ جانا ہے۔“

دوہا: آسا ساچی مورے نام کی جس راکھی انتر مانہہ
بھو ساگر کے بیر میں پکڑ اتاروں بانہہ

"روحل صاحب فرماتے ہیں کہ سچی امید صرف اسی مالک حقیقی کے نام کی رکھنی چاہئے جو اسے دنیاوی چکروں سے نکال کر جنجال نگر سے چھٹکارا دلائے گا۔"

دوہا: ایہہ جگ سارا جھوٹ ہے آخر پرلے ہوء
امر لوگ پہنچے ناہیں بناں وسیلے کوء

"روحل صاحب فرماتے ہیں کہ یہ دنیا فانی اور جھوٹی ہے ایک نہ ایک دن ختم ہو جائے گی۔ اے بندے تو اس وقت تک لافانی مقام تک نہیں پہنچ سکے گا جب تک تجھے کوئی کامل مرشد نہ مل جائے۔"

دوہا: وسیلہ پورے ست گرو کا ست سُدھ کا زور
انا سرت کی ڈور لگائے کر پہنچے امر لوک کی ٹھور

"اس دوہے کا تعلق بھی گذشتہ دوہے سے ہے کہ کامل مرشد کے سچے اور انمول راستہ پر چل کر ہی لافانی مقام کا حصول ہو سکتا ہے۔"

دوہا: امر لوک سوں کوئی سنت لیوے بسرام
"روحل" کا اوہی دیس ہے نربھو اگم گڈھ ہے گام

"اس لافانی مقام پر کوئی درویش ہی پہنچ سکتا ہے۔ روحل صاحب فرماتے ہیں کہ میرا مقام بھی وہی ہے جہاں کوئی خطرہ و خوف نہیں ہوتا۔"

دوہا: رہتے آپو آپ روحل نام دھرایا
سرب جیون پر چھاپ آپ نکلنک کہایا

"روحل صاحب فرماتے ہیں کہ مالک کا جلوہ ہر طرف ہے اور ہر جاندار و بے جان چیز پر یہ جلوہ نمایاں ہے گویا وہ ہر جگہ موجود ہے پھر بھی اس کا کوئی ٹھکانہ نہ ہے۔"

"اگم وارتا"

اگم وارتا میں روحل صاحب اور جودھپور کے راجہ وِجے سنگھ کے درمیان سوال جواب کو منظوم کیا گیا ہے اس میں حقیقت اور راہ راست پر چلنے کا درس دیا گیا ہے۔ اس میں دوہے۔ چھند' ریختہ' وارتا وغیرہ ہندی زبان میں دیئے گئے ہیں۔ راجہ کے درباری پنڈت عیسر سنگھ اور دوسرے لوگوں نے روحل صاحب سے سوال جواب کئے۔ روحل صاحب جودھپور میں ایک ماہ سات دن گلاب ساگر محلّات میں مقیم رہے۔"

دوہا چھند

سیلی نگی ست ساتھی ہم پرگھٹ آئے
پونم تتھ سوموار آئے گھر شاہو کے پائے

"حق اور سچ کے ساتھ روحل صاحب نے جنم لیا۔ بروز سوموار چودہ تاریخ کو شاہو کے گھر پیدا ہوئے۔"

دوہا: جیون بجلی کا پرکاش ہوا چوُ دس ہُوا اجیاس
جس پل میں ہم آیو کھولے پایو نواس

"روحل صاحب فرماتے ہیں کہ ہمارے آنے سے دنیا میں اجالا ہو گیا۔"

دوہا: میں بالک نر بندھ نرملا لو ہوُ رکت نہ ریکھ
سرب جیون کے کارنے دھریا مانس بیکھ

ترجمہ۔ اس دوہے میں روحل صاحب فرماتے ہیں کہ ہم پاک وصاف

پیدا ہوئے۔ ہم نے انسانوں کی ہدایت کے لئے انسانی روپ دھرا۔"

دوہا: باپ میرا شاہو نہیں اس گھر نہیں مات
جرُ نے تو ہم جایا نہیں کُل ورن نہیں جات

"روحل صاحب چونکہ روحانیت کا درس دیتے ہیں اس لئے اس دوہے میں اپنے آپ کو اس دنیا سے الگ تھلگ گردانتے ہیں آپ فرماتے ہیں کہ نہ ہی میرا کوئی والد ہے اور نہ ہی کوئی والدہ اور نہ ہی میرا کوئی حسب نسب ہے۔"

دوہا: پانچ تنت کا بندھن نہیں نواں تتاں سوں نیارا
اکھےُ اَبھے اَمر آپ ہوں اپرم اپارا

"جن عناصر سے انسان کی تخلیق ہوئی ہے میں ان سے جدا ہوں۔ میں لافانی ہوں اور میری کوئی انتہا نہیں ہے۔"

دوہا: نام رکھاوے سادھ کا اَنتر بھیتر چور
کرم کرے سنسار میں اور اندھا آدم خور

"روحل صاحب دنیاوی اور صرف نام کے درویشوں کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ایسے لوگ ظاہری طور پر تو بڑے درویش نظر آتے ہیں لیکن ان کا باطن چور اور آدم خور ہوتا ہے۔"

دوہا: بانا پھرے بھگواں کرے سوامی پیر فقیر
رہنت بناں جم لے گیو جڑ کر جیو جنجیر

"فقیرانہ کپڑے پہننے سے ہی کوئی آدمی درویش نہیں کہلا سکتا جب تک کہ وہ

باطنی طور پر پاک صاف نہ ہو۔ اگر وہ راہ راست پر نہیں ہے تو وہ موت کے پھندے میں آجائے گا۔"

ریختہ چھند

کون ہندو بھیا کون تُرک کہیے تُرک ہندو دو راہ کیا
دُبدیا راکھ لی کوڑ کی ساکھ لی اوہ کہیں رام اُن اللہ کیا

"روحل صاحب انسانیت کی حد بندی کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ ہندوؤں اور مسلمانوں نے دو راستے اختیار کیے ہوئے ہیں انہوں نے دلوں میں کدورتیں رکھ کر ایک ہی ہستی کے دو نام رکھ لئے ہیں۔"

ساوھ سرشٹی ماہیں سنت انیک کہیے ان کا میں مختار ہوں
پیر فقیر وئی آپ ہوں اولیا سرب پر سیس سردار بھی میں ہوں
جتیں فلکیں دیو ہیں دیوتا آکاش پاتال کلتار بھی میں ہوں
روحل نام سوں کیا کام سرب اوتاروں پر نج بز آدھار بھی میں ہوں

"اس دنیا میں بے شمار درویش ہیں میں ان سب کا مختار اور مالک ہوں۔ جتنے بھی پیر فقیر ہیں وہ میں خود ہوں اور تمام اولیاء ہیں ان سب کا سردار ہوں۔ زمین و آسمان پر میری دسترس ہے۔ روحل نام سے مجھے کوئی غرض نہیں ہے اور جتنے بھی اوتار ہیں میں ان سب سے اوپر ہوں۔"

تب راجہ بجے سنگھ جی نے کہا روحل صاحب جی آپ نے فرمایا کہ کلجگ

میں او تار دھر کر آئے ہو اس کا وچار دیا کر کے کہو

روحل صاحب فرماتے ہیں او ہوں ہر ہوں' او ہوں ہر ہوں او ہوں۔ آدھ جگاد سوں اگم اگوچر آگے سوں آگے' پرے سوں پرے' دور سوں دور' سن سوں مہاسن' بھوم سوں ابھوم' بھنو سوں ابھے نر آنتر' نرالب' نرنکار' نر آدھار' اٹل اڈول' ابناسی' نہ نامی ہم ہوں اور ساری سرشٹی ہم نے رچائی ہے۔ سات دیپ نو کھنڈ اکیس برھمنڈ ہم ہی کینا ہے پیدا۔ برہما۔ وِشن۔ شیو شکتی ہم ہی کیا ہے پیدا۔

چار بانی چار خانی تینتیس کروڑ دیوتا چوبیس او تار' سوا لاکھ نبی' ہندو ترک درودھ پہلاج راجہ ہرچند' پانڈو' بڑ راجہ' کپیر مونی سیوڑا سنیاسی' بھگت سنت سادھ پیر فقیر اولیا' سوامی' سدھ' رکھیسر' جتی' نوناتھ' داس کبیر' دادو' نانک ایمہ سب ہمارے پٹھائے آئے ہیں اور ہمار بھجن کرتے ہیں۔"

ہم تو سرب کے پالنا کرنے والے ہیں ایمہ تو سرب سنت ہمارے پٹھائے آئے ہیں۔ ان سوں بھگتی اکٹھی نہیں ہوئی اپنا پرایا دو کر جانیا ہے۔ یوں کر دبدیا من میں آنی ہے' پیچھے کلجگ ماہیں روحل نام دھرائے کے آئے ہوں۔ مرتے لوک میں نِر آکھ بھگتی ہلائی ہے جس میں دُرمت نہیں۔ دُبدیا نہیں دو راہ میں اک راہ لکھایا ہے۔ اپنے اروپ کا روپ بتایا ہے۔ جس نے ہمارا کہیا مانیا اور کو تیاگ مجھ کو جانیا مجھ کو جان مجھ میں سمایا' کرم کرم کا بھرم مٹایا' نِرمل رہیا نکلنک' اجرامر سوئی' بجرا بھنگر میں ہوں۔

میرا اکل پیارا، دیکھ پیارا بھولا سنسارا، بھولا ہووے سوئی آوے میری درگاہ، پورا پاوے میری درگاہ، آوے سو کال سوں چھوٹے، جم جنجال اس کا ٹوٹے، جم کا حکم اس پر ناہیں، مجھ میں وہ میں اس کے ماہیں۔

اندر دھرم رائے سنگ آسن جوڑے میرے سنتاں آگے ہاتھ جوڑے۔ گن دوت سب ان سے ڈرے ہوئے آدھین وندنا کرے۔ جس پر ہمری لاگی چھاپ اس پر دوش کرم نہیں پاپ۔ اس میں بھول کوئی مت جانے روحل صاحب سرمکھ آپ بکھانے کوئی اک جانے مرم ہمارا۔ ساچا سورا سنت پیارا واد کرے سو وادو وادی۔ اس کوں جانوں میں اپرادھی

راجہ بجے سنگھ جی ہاتھ جوڑ کے کہیا روحل صاحب ان سنتان سوں بھگتی اکٹھی نہیں ہوئی اس کا وچار دیا کر کے کہو۔

روحل صاحب واچ:۔

- اک تو شیش کو پوج رہے ہیں کہتے ہیں شیش بھگوان ہے اور تو وچار کی خبر ہی ناہیں
- اک تو برہما کو پوج رہے ہیں کہتے ہیں برہما نے چار وید بنائے ہیں ویدوں کی بات سچی کر بیٹھے ہیں اور تو وچار کی خبر ناہیں۔
- اک تو وشن کو پوج رہے ہیں جو کہتے ہیں وشنو کی اُتپتی ہے دوسرا کوئی نہیں اور تو وچار کی خبر ہی ناہیں۔

- اک تو شیو کو پوج رہے ہیں جو کہتے ہیں شیو شکتی کا جوڑا ہے ایمہ سکل بوند پسارا ہے اور تو وچار کی خبر ہی ناہیں۔
- اک تو گنیش کو پوج رہے ہیں جو کہتے ہیں گنیش دیوتا ہے۔ ردبدھ اگوان ہے اور تو وچار کی خبر ہی ناہیں اک تو اوتاروں کو پوج رہے جو کہتے ہیں اوتار دھر کر آئے ہیں۔ سنتاں کی سہایتا کرتے ہیں اور تو وِچار کی خبر ہی ناہیں۔
- اک تو اکھی برچھ کو پوج رہے ہیں کہتے ہیں امر پھل اسی کا پسارا ہے اور تو وچار کی خبر ہی ناہیں۔
- اک تو چندرمان سورج کو پوج رہے ہیں کہتے ہیں چندرماں سورج صاحب کے نین ہیں اور تو وچار کی خبر ہی ناہیں۔
- اک تو دروھ تارا کو پوج رہے ہیں جو کہتے ہیں کہ دروھ تارا منڈل اڈگ پدوی ہے اور تو وچار کی خبرہیں ناہیں۔
- اک تو سرگ کو پوج رہے ہیں جو سرگ سرگ کرتے رہتے ہیں اور تو وچار کی خبر ہی ناہیں۔
- اک تو جل کو پوج رہے ہیں کہتے ہیں سب جل کی پیدائش ہے۔ جل پروان ہے اور تو وچار کی خبر ہی ناہیں۔
- اک تو پون کو پوج رہے ہیں جو کہتے ہیں پون پران ہے اور تو وچار کی خبر ہی ناہیں۔
- اک تو نرگُن کوں پوج رہے ہیں جو نرگُن نرگُن کرتے ہیں اور تو وچار کی خبر ہی ناہیں۔

○ سب کوئی اپنی اپنی اِشٹ ماہیں باندھ رہیا ہے۔ اپنی اپنی اِشٹ کوں وڈا بکھائے رہیا ہے۔ پکھا پکھ لاگ رہی ہے نرآپکھ بھگتی کی تو خبر ہی ناہیں۔ یوں ہی الوجھ رہے ہیں۔ اک بھی ہنسا ہماری دھام پوگاہی نہیں۔ جب ہم سرب کی پالنا کرنے آئے ہوں روحل نام دھرائے کے ' سنو راجہ بجے سنگھ جی ان لوکاں کوں تو ہمارے وچار کی خبر ہی ناہیں۔"

تب راجہ بجے سنگھ جی ہاتھ جوڑ کے کہیا روحل صاحب سائیں جگت جب ہتا نہیں تب رچنا کم رچی سو دیا کر کے کہو۔"

روحل صاحب واچ:۔

نہیں دھندھوکار ہتا نہیں کوئی سبدھ رنوکار ہتا۔ نہیں کوئی نام سائنس ہزار ہتا نہیں کوئی بناوٹ بستار ہتا صرف ہمارا نج سروپ ہتا' عشق پریم کی موج ہتی۔ اپنے نج سروپ نور کا دریا ہتا' جس میں گرد غبار گھور رنوکار اٹھایا۔ چمکدار تجلہ بھیا' اس میں پتنگا جیوں چنگاں اڈیاں اس قطرے قطرے کا نام ہنس ٹھہرایا۔ روح ٹھہرایا' اردھ نام ٹھہرایا' اوم ٹھہرایا' آتم بولتا ٹھہرایا۔

ان سوں پیچھے تین سفیلاں کینیاں۔ میں اپنے سری مکھ سوں فرمایا۔ ان ھنساں کوں کہیا تمہارا صاحب کون ہے۔ اگلی سفیل ہتی ہنساں کی جس نے کہیا ہمارے صاحب آپ ہو۔

دوسری سفیل سنیا پر کہیا نہیں۔

تیسری سفیل تو سنیا بھی ناہیں کہیا بھی ناہیں۔"

پیچھے میں اپنے ہنساں کا مکان بنایا۔ مانسرور نام ٹھہرایا۔ رمیّ رس کا حوض بنایا جس میں ہیں موتی اگم اپارا۔ اوہی ہے ہنساں کا چارا۔ پیچھے ہم اپنی قدرت سوں اجگت دھام بنائی۔ چو مکھا جھرو کا سیت سیجھ بچھائی جس کے اوپر سیاہ کالی گادی دھرائی۔ اس گادی کے اوپر میری نظر کا اک بنس براجمان ہے۔ سیت چادر کا پردہ ہے۔ اس میرے بنس کا نام اوگتی ٹھہرایا۔ پیچھے امر سبدھ اچاریا۔ پیچھے انڈہ پھوٹا۔ رچیا برھمنڈ۔ پہلا آکاش بنیا۔ دوجھا آکاش بنیا۔ تیسرا آکاش بنیا۔ چوتھا آکاش بنیا۔ پانچواں آکاش بنیا۔ چھٹواں آکاش بنیا۔ ساتواں آکاش بنیا۔ جب ساتوں آکاش بنے آٹھواں عرش بنا نواں قرش بنا۔ ایہی سارا برھمنڈ ہے۔"

پتیاں عنبر بھبت بنائی۔ پہلی بھبت پر چار سالم سلا ٹھہرائی پہلی سلا برج (جگہ کا نام) دوسری پر تیج ٹھہرایا۔ تیسری سلا پر دھرا ٹھہرایا۔ چوتھی سلا پر بجر جس پر جل تھل اول پانی ٹھہرایا۔ پانی ماہیں جوت جگائی اس جوت ماہیں پھول ہویا۔ قدرت سوں اس ماہیں اک روپ ہویا آدپرس کا جس کو اس پر بٹھایا۔ اس کی نابھی ماہیں اک پولی ناڑی نکلی۔ کئی یوجنا میں لمبی ہوتی گئی جب پانی اوپر آئے چڑھی اس میں اک پھول کنول کا لاگا۔ اس کنول ماہیں برہما چو مکھا ہوا۔ وِشنو ہویا شیو ہویا۔ شکتی ہوئی۔ برہما بیج پاتال پانی سوں لایا۔ پیچھے روپ سب کا ہوا روپ دھرا کا ہوا دھرا کے سینگ کے اوپر نو کھنڈ دھرتی ٹھہرائی۔ پچاس کروڑ یوجن پر تھوی بنی۔ سورج چندرماں کا پرکاش ہوا۔ آکاش میں نو لکھ تاراں کا

پرکاش ہوا۔ میر سمیر ہوگیا۔ دس چنگاں ہو گییاں جس پر دس پریاں ہویاں۔
اوتار کیا۔ اکھی برچھ ہویا۔ تینتیس کروڑ دیوتا ہویا۔ کیلاش پربت ہویا چاربانی
چار کھانی۔ سات دیپ اکیس برھمنڈ بن رہے۔ سرتگ بن رہیا۔ زگ بن
رہیا۔ پیچھے شیو شکتی کوں کامنا جاگی۔ برچھ کی ٹہنی پکڑی۔ پیچھے پھٹکائے پھینکا۔
اک جائے پورب کو پڑیا۔ اک جائے پچھم کو پڑیا۔ یوں کر پرکھ ناری کا جوڑا
ہویا۔ برہما ویش کھشتری اور شودر ہویا۔ اک راہ میں دو راہ بنایا۔ دبدیا من
میں راکھی۔ ہندو لوک اوتاراں کی مت لے کر برھمن کو پوجتے ہیں۔ مسلمان
نبیاں کی مت لے کر قاضیاں اور ملاں کو پوجتے ہیں۔ فقیراں کی مت کی تو کسی کو
خبر ہی ناہیں۔ ہمارے وچار کی تو کسے ورلے فقیر سنت کو خبر ہے اور لوکاں کو تو خبر
ہی ناہیں۔ راجہ بجے سنگھ جی میں تو بے چون ہوں۔

"مختصر مفہوم یہ ہے کہ کائنات کو کس طرح پیدا کیا گیا پہلے اس کائنات میں
کچھ بھی نہیں تھا نہ ہی کوئی وجود تھا۔ صرف عشق اور پریم کی موج تھی اور نور
کا دریا تھا جس سے ارواح عالم کو پیدا کیا گیا جن کو ہنسوں سے تشبیہ دی گئی
ہے۔ بعد میں ان ارواح سے اقرار لیا گیا ان ارواح کی تین صفیں بنائی گئیں
ان سے پوچھا گیا آپ کے صاحب کون ہیں؟ پہلی قطار والوں نے اقرار کیا کہ
ہمارے صاحب آپ ہو۔ دوسری قطار والوں نے سنا مگر جواب نہ دیا۔
تیسری قطار نے نہ کچھ سنا اور نہ کوئی جواب دیا۔ اس کے بعد کائنات کی تشکیل
کی گئی زمین و آسمان، چاند، سورج، ستارے، پانی اور آگ وغیرہ بنائے

پرکاش ہوا۔ میر سمیر ہو گیا۔ دس چنگاں ہو گییاں جس پر دس پریاں ہویاں۔ اوتار کیا۔ اکھی برچھ ہویا۔ تینتیس کروڑ دیوتا ہویا۔ کیلاش پربت ہویا چار بانی چار کھانی۔ سات دیپ اکیس برھنڈ بن رہے۔ سرتگ بن رہیا۔ نرگ بن رہیا۔ پیچھے شیو شکتی کوں کامنا جاگی۔ برچھ کی ٹہنی پکڑی۔ پیچھے پھٹکائے پھینکا۔ اک جائے پورب کو پڑیا۔ اک جائے پچھم کو پڑیا۔ یوں کر پرکھ ناری کا جوڑا ہویا۔ برہما ویش کھشتری اور شودر ہویا۔ اک راہ میں دو راہ بنایا۔ دبدیا من میں راکھی۔ ہندو لوک اوتاراں کی مت لے کر برھمن کو پوجتے ہیں۔ مسلمان نبیاں کی مت لے کر قاضیاں اور ملاں کو پوجتے ہیں۔ فقیراں کی مت کی تو کسی کو خبر ہی ناہیں۔ ہمارے وچار کی تو کسے ورلے فقیر سنت کو خبر ہے اور لوکاں کو تو خبر ہی ناہیں۔ راجہ بجے سنگھ جی میں تو بے چون ہوں۔

"مختصر مفہوم یہ ہے کہ کائنات کو کس طرح پیدا کیا گیا پہلے اس کائنات میں کچھ بھی نہیں تھا نہ ہی کوئی وجود تھا۔ صرف عشق اور پریم کی موج تھی اور نور کا دریا تھا جس سے ارواح عالم کو پیدا کیا گیا جن کو ہنسوں سے تشبیہ دی گئی ہے۔ بعد میں ان ارواح سے اقرار لیا گیا ان ارواح کی تین صفیں بنائی گئیں ان سے پوچھا گیا آپ کے صاحب کون ہیں؟ پہلی قطار والوں نے اقرار کیا کہ ہمارے صاحب آپ ہو۔ دوسری قطار والوں نے سنا مگر جواب نہ دیا۔ تیسری قطار نے نہ کچھ سنا اور نہ کوئی جواب دیا۔ اس کے بعد کائنات کی تشکیل کی گئی زمین و آسمان، چاند، سورج، ستارے، پانی اور آگ وغیرہ بنائے

گئے۔"

زمین کو بیل کے سینگ کے اوپر ٹھرایا گیا اس کے بعد انسان اور مختلف شکلیں بنائی گئیں۔ پربت پہاڑ بنائے گئے۔ نبی اوتار اور دیوتا ہوئے۔ پرندے انسان، جانور اور مختلف اقسام کی اجناس پیدا کی گئیں۔ مختلف فرقوں، عقائد اور مذاہب کی وجہ سے انسان اس دنیا میں الجھ کر رہ گیا ہے۔ روحل صاحب فرماتے ہیں کہ فقیروں اور درویشوں کی خبر تو کسی خاص آدمیوں کو ہے باقی لوگ اس راز کو نہیں سمجھ سکتے۔"

تب راجہ بجے سنگھ جی ہاتھ جوڑ کے کہیا روحل صاحب سائیں اُتپتی کا وچار دیا کر کے کہو۔"

روحل صاحب واچ:۔

پرماتما چار جگ تھاپیا۔

- پہلا ست جگ۔ پروان سترہ لاکھ اٹھائیس ہزار برس کا جس میں اوتار چار ہیں۔ مچھ اوتار۔ کورم کچھ اوتار۔ وارہ اوتار۔ نرسنگھ اوتار۔"
- تیتا جگ۔ پروان بارہ لاکھ چھیانوے ہزار برس کا جس میں اوتار تین ہیں۔ بامن اوتار، پرسرام اوتار، رام چندر اوتار۔
- دوا جگ۔ پروان آٹھ لاکھ چونسٹھ ہزار برس کا۔ جس میں اوتار دو ہیں۔ کرشن اوتار اور بدھ اوتار

○ کلجگ۔ پروان چار لاکھ بتیس ہزار کا ہوگا۔

برہمانے چار وید بنائے اور شاستر اچارے۔

اتھروید۔ رگ وید۔ شام وید۔ یجروید۔

سنو راجہ بجے سنگھ جی چار وید چھ شاستر اٹھارہ پران نو ویا کرن' چار کیب ترکاں کے ماہیں جس سوں ہمارے اروپ کا وچار نیارا ہے۔

تب رجہ بجے سنگھ جی نے کہا سائیں روحل صاحب گربھ وچار دیا کر کے کہو۔

روحل صاحب واچ:۔

اوراں کو تو ہمارے وچار کی خبر ناہیں سنو تو ہنس کس بدھ آوے ہے گربھ میں بالک کے استھول میں استھول "جسم" کس بدھ (طرح) بنتا ہے۔

لڑکے کا آکار کس بدھ ہوتا ہے لڑکی کا آکار (جسم) کس بدھ ہوتا ہے۔ ہنسا "روح" کس دوارے سوں سماوے ہے۔ گربھ میں کس کنول اور کس دوار سوں سانس لیتا ہے؟ کیا کھاوے ہے کیا پیوے ہے؟ کس بدھ جیوے ہے اور باہر گربھ سوں آئے کر کس بدھ موٹا ہوتا ہے۔ پھر گرو کس بدھ کرتا ہے؟ کس بدھ کمائی کرتا ہے؟ کس بدھ آپ کی دھام ہنسا پہنچتا ہے۔

سنو راجہ بجے سنگھ جی تم اپنے گراں اور سادھاں سوں پوچھ تب راجہ بجے سنگھ جی ان سادھاں پنڈتاں کو کہیا روحل صاحب پرسن (سوال) پوچھے ہیں جس کا جواب کرو تب ان سادھاں کہیا ہم کو تو معلوم ناہیں۔

روحل صاحب واچ:۔

مانش کی تر بھنی میں ایک مورت ہے۔ مرد ماہیں مرد کا آکار اور ناری ماہیں ناری کا آکار ہوتا ہے۔ جب استری (عورت) کے انگ (جسم) ماہیں رت آوے ہے۔ پرکھ استری بھوگ کماوے ہیں بیج بوند گربھ کنول ماہیں سماوے ہے۔ پہلے جل سمان (طرح) ہووے ہے پیچھے لوہو (خون) سمان ہووے ہے پیچھے ان کا گوٹا (گول جسم) ہووے ہے پھر انڈ (انڈہ) ہووے ہے۔ انڈ میں پھر لوتھ (جسم مردہ) ہووے ہے لوتھ موں (میں) پھر بنیا سریرا (جسم) جب سریرا بن رہیا تب ہنسا مانسرور (مقدس جگہ) سوں آئے کر ماتا کے سانسوں میں سماوتا ہے۔ پھر بالک کی نابھی موں سما رہیا۔ نابھ ناڑی سوں رس لے کر کھدیا (بھوک) پیاس مٹ جاتی ہے۔ پھر دسویں ماس جب بالک باہر آوے ہے ان کو پھر دو وکار (تبدیلی) لاگے ہے۔ پہلا کرودھ (غصہ) دوسرا لوبھ (لالچ) کرودھ میں رون (رونا) کرتا ہے۔ لوبھ سوں ہانچل (دودھ) لیتا ہے۔ جب اپنی ماتا کا

سروپ پہچان لیتا ہے تب موہ (محبت) لاگے ہے۔ جب موٹا (بڑا) ہووے ہے
چودہ برس کا تب کامنا (تمنا) جاگے ہے پھر آہنکار (غرور) جاگے ہے پیچھے گربھ
جال (دنیاوی دھندے) ماہیں پھنس جاتا ہے۔ اس کو دوسری چت نہیں آوے
سنو راجہ بجے سنگھ جی ہماری کھوج کوں کوئی کوئی سمجھے وچارے ہے۔ ان
سنتاں سوں سات پاتال کی کھوجنا پوچھو تو کیا کہتے ہیں۔

تب راجہ بجے سنگھ جی ان سنتاں (بزرگ) سوں پوچھیا تب ان سادھاں
نے کہیا ہم کو معلوم نہیں۔

روحل صاحب واچ:۔

سنو راجہ سنگھ بجے سنگھ جی ان سنتاں سوں پوچھ دیہی (جسم) میں کتنے کنول
ہیں اور ان کنولاں کے اوپر دیوتا کون کون براجمان ہیں تو کیا کہتے ہیں۔
تب راجہ بجے سنگھ جی نے ان سنتاں سوں پوچھیا انہوں نے کہا ہم کو معلوم
نہیں۔

روحل صاحب واچ:۔

سنو راجہ بجے سنگھ جی تِل تِل کر سمجھاؤں۔
چار تِل بیس بال ہیں۔ بیس بال ماہیں سات پاتال کی سات پوڑی ہیں

(سیڑھی)۔

سنو راجہ بجے سنگھ جی۔

- مُول کے اوپر چار پانکھڑی (پتیاں) کا کنول ہے جس پر گنیش براجمان (بیٹھے) ہیں۔
- لِنگ کے اوپر کھٹ چھ پاکھڑی کو کنول ہے جس کے اوپر برہما براجمان ہے۔
- نابھ کے اوپر اشٹ (آٹھ) پاکھڑی کو کنول ہے جس کے اوپر وِشن براجمان ہے۔
- ہردے کے اوپر بارہ پاکھڑی کو کنول ہے جس کے اوپر شیو براجمان ہے۔
- کنٹھ کے اوپر سولہ باکھڑی کو کنول ہے جس کے اوپر سرسوتی براجمان ہے۔
- ترِبھنی کے اوپر دو پاکھڑی کو کنول ہے جس کے اوپر الوُل براجمان ہے۔
- بھنور گپھا کے اوپر سائنس (لاتعداد) پاکھڑی کا کنول ہے جس کے اوپر نرنجن براجمان ہے۔

ترکُٹی کے اوپر دو پاکھڑی کو کنول ہے جس کے اوپر جوتی سروپ براجمان ہے۔

- دسویں دوار کے اوپر پرم ہنس براجمان ہے۔

روحل صاحب واچ:-

سنو راجہ بجے سنگھ جی تل تل کر سمجھاؤں۔

چار تل بیس بال ہیں۔ بیس بال چار دو سو اس ہیں۔ چار دو سو اس اک انگل ہے۔ چار انگل ایک مُوٹھ ہے چھ موٹھ کا ایک ہاتھ ہے۔ چار ہاتھ کا ایک پینڈا ہے چار ہزار پینڈے کا ایک کوس ہے۔ چار کوس کا ایک یوجن ہے۔ چار سو یوجن کا اک دیس ہے۔ چار سو دیس کا ایک منڈل ہے۔ چار سو منڈل کا ایک کھنڈ ہوتا ہے ایسے تو نو کھنڈ ہیں۔ نو کھنڈ ماہیں اک لوک ہے ایسے چودہ لوک ہیں۔

سنو راجہ بجے سنگھ جی جے کوئی ہماری دھام چاہے تو ایہی وچار ہے ایسی سار سبدھ ہے۔ سبدھ لے کر دیہی ماہیں چکر چکر کا نیارا نیارا (الگ الگ) سبدھ ہے۔ نیاری نیاری کمان ہے نیارا نیارا و چار ہے۔ دیہی ساری کھوج کر اپنے کلا (طاقت) کوں لکھے ہے پھر سار سبدھ کوں لے کر پہنچے ہے پھر اس کا پیانا کرے ہے پھر مانسرو ور کا پیانا کرے ہے۔ پھر اوگت دھام کا پیانا کرے ہے۔ ہماری دھام اسنگ سوناں کے اوپر ہے۔ ہووے کوئی ہنس ہمارا تو امر لوک لے جاؤں بیچ میں انیک (کئی) دوت بھوت ہیں سو لڑائی کرتے ہیں کسی کو جاون دیویں ناہیں۔ انیک شکاری بیچ میں شکار کرتے ہیں۔ لوٹ مار کر ہنسا پیچھے گرائے دیتے

ہیں۔ انیک مارگ (راستہ) روکنے والے ہیں۔ اکیساں لوکاں تک چھوڑیں ناہیں۔ سارے برھنڈ (دنیا) کے چوپھیر جماں (فرشتہ) کا گھیرا ہے جو کوئی پورے گرو کا چیلا ہے وہ شیر ہے اس کے اوپر زور لاگے ناہیں۔ اس کے آگے اسنگ گڈھ ہے ہمارا مقام وہاں سے آگے ہے ہماری دھام جس کا کسی نے پار نہیں پایا۔ میرا کہیا (کہنا) مانے تو پل میں لیوں چھڑائے۔

سنو راجہ بجے سنگھ جی چار وید ہندوؤں کے اور چار کتیب ترکاں کے ہیں جس میں کئی مرجاتے ہیں سنسار میں الُوجھ رہتے ہیں۔ باراں پنتھ ھندواں کے بہتر پنتھ (فرقے) مسلماناں کے جس میں کھاپچو تان (کھینچا تانی) کر کے مر گئے ہیں۔ کوئی پُرم دھام (بہشت) کو پُوگا نہیں (پہنچا نہیں) اپنی اپنی اشٹ (ضد) ماہیں باندھا رہ گیا ہے۔ اپنے اپنے سدھ رنڈھو (رسے) وانگر (کی طرح) بنائے بیٹھے ہیں۔ سار سُدھ کی خبر ناہیں جگت کے ٹکڑے کھا کر مست ہو رہے ہیں۔ کوئی فقیر کہاوے ہے کوئی درویش کہاوے کوئی پیر کہاوے کوئی جوگی کہاوے۔ کوئی سادھ کہاوے کوئی اتیت (الگ تھلگ) کہاوے کوئی سوامی کہاوے 'کوئی سنیاسی کہاوے' کوئی ناتھ کہاوے کوئی ویراگی کہاوے کوئی تپسوی کہاوے' کوئی ناگا کہاوے کوئی رکھڑیا (خزانچی) کہاوے' کوئی مداری کہاوے 'کوئی دیوی کو پوجے ہے کوئی بھیرو کو پوجے ہے' کوئی ہنومان کو پوجے ہے' کوئی کھیت پال کو پوجے ہے' کوئی بالمیک کو پوجے ہے۔ کوئی جھنجھار کو پوجے ہے کوئی پتھراں کو پوجے ہے۔ کوئی ماتی کو پوجے ہے۔ اندھی دنیا اپنے صاحب کو چھوڑ

کرماں کے ڈیکرے (بیٹے) ہو گئے ہیں۔ ان لوکاں کوں لاج نہیں ہے تب بھی جی رہے ہیں۔

سنو راجہ بجے سنگھ جی ہمارا وچار کون جانے کون پچھانے کوئی ایسا سوجان ہووے تو ودھ ودھ کر ہم سوں پوچھے۔ کایا کا وچار، کماون کا وچار، بیٹھن کا وچار، اُٹھنت کا وچار، چندرماں سورج کا وچار، اِنگلا پنگلا کا وچار، گنگا جمنا کا وچار، اُٹھنت چالنت کا وچار، سوونت اور جاگنت کا وچار، بنک ناڑ سکھمنا کا وچار، نو سو ناڑ بہتر کوٹھیوں کا وچار پانچ تتاں کا وچار، پچیس پرکتیاں کا وچار، پانچ وکار کے سبھاؤ کا وچار، سوئی اک اک کر کے سمجھاؤں۔ سنو راجہ بجے سنگھ جی ہم تو بار بار کہنت ہوں جے کوئی جانے۔

تب راجہ بجے سنگھ جی ہاتھ جوڑ کے کہیا سائیں روحل صاحب کرپا کر ہم کوں پانچ تتاں کا وچار دیا کر کے کہو۔

روحل صاحب واچ:۔

سنو راجہ بجے سنگھ جی پانچ تتاں کے وچار سرب کہنت ہوں۔ تم چت لائے کے سنو پانچ تتاں کا کیا نام ہے۔

۱۔ جل تنت ۲۔ اگن تنت

۳۔ پون تنت ۴۔ پرتھوی تنت

۵۔ آکاش تنت

تب راجہ بجے سنگھ جی ہاتھ جوڑ کر کہیا ہے روحل صاحب پانچ تتاں کا ورن (رنگ) دیا کر کے کہو۔

روحل صاحب واچ:۔

i۔ جل تتّ کا ورن سیت روپ ہے
ii۔ اگن تتّ کا ورن لال روپ ہے
iii۔ پوَن تتّ کا ورن لیلا یا ہرا روپ ہے
iv۔ پرتھوی تتّ کا ورن پیلا روپ ہے
v۔ آکاش تتّ کا ورن کالا روپ ہے

تب راجہ بجے سنگھ جی ہاتھ جوڑ کر کہیا سائیں روحل صاحب دیا کر کے پانچ وِکاروں کے سبھاؤ (خاصیت) کیسے ہیں سو دیا کر کے کہو۔

روحل صاحب واچ:۔

سنو راجہ بجے سنگھ جی پانچ وکاروں کا سبھاؤ کیسا ہے؟ سو تم کو کہہ سناؤں۔
چیت لگا کے سنو وچار ہمارا۔ سنے کو مرد سچارا۔

O کام۔ کام کا سبھاؤ یہ کہ جو کامنا جاگے ہے۔ پرناری (بیگانی عورت) کی آسا (امید) رہے ہے گھٹ (دل) میں۔

O کرودھ۔ کرودھ کا ایہہ سبھاؤ ہے جو کوئی تھوڑا بولے اس پر لڑائی کرتے ہیں۔

- لوبھ۔ لوبھ کا ایمہ سبھاؤ ہے جو جانے کہ مایا دھن بہت کراں۔ اوراں کے گھر کا دھن اپنے گھر میں لے آواں۔ اس میں نس دن (رات دن) رہتے ہیں۔
- موھ۔ موھ کا سبھاؤ ایمہ ہے جو ماتا پتا' ست (بیٹا) بھائی' ناری 'کٹمب پروار سب من کا قبیلہ ہے جب کوئی اس کو تیاگے تب چیتن ہو جائے۔
- آہنکار: آہنکار کا سبھاؤ ہے کہ بہت لڑائی کراں سنو راجہ بجے سنگھ جی ایمہ سب وکاروں کی بات کہہ سنائی۔

تب راجہ بجے سنگھ جی ہاتھ جوڑ کے کہیا سائیں روحل صاحب شدھ لچھن کیسے ہوتے ہیں دیا کر کے کہو۔

روحل صاحب واچ:۔

سنو راجہ بجے سنگھ جی چیتن (آگاہی) کے جو سنگی (ساتھی) ہیں سو سدھ لچھن تم کو کہہ سمجھاؤں اک اک نیارا نیارا۔

سیل (چال چلن) سنتوش (صبر) پریم (محبت) وویک (عقل و دانش) وچار (غور و فکر) سرت زت (باخبر) دیا (رحم) دھیرج (برداشت) جپ تپ (عبادت) بھاؤ بھگت (خوش مزاج) ایمہ سب چیتن کا پروار ہے جب ایسے سنگی راکھے تب ہماری دھام پراپت ہووے ہے نرمل ہو کر بھجن کرے۔

سنو راجہ بجے سنگھ جی کوئی ہمارا کہیا مانے ساچ کہنت ہوں ایسہ توکل جگ میں ساچے رہنت ناہیں۔ سدائیں (ہمیشہ) کوڑ (جھوٹ) کماوتے ہیں۔ جھوٹ کوں ساچ مانے ہیں ساچ کھارا (کڑوا) لاگے ہے۔

تب راجہ بجے سنگھ جی کہیا سائیں روحل صاحب میرے تو مالک آپ ہو ہم کوں کوئی وچار ہووے سوئی سرب (سب) دیا کرو۔

روحل صاحب واچ:۔

سنو راجہ بجے سنگھ جی ان لوکاں کوں نندرا (نیند) آوے ہے جب جاگے ہے تو جانے ہے کہ نندرا مرنے کی نشانی ہے اور جاگت جیون کی نشانی ہے۔ جب ہمارے نام سوں بے مکھ ہو جاوے ہیں تب مایا جال میں اندھا ہو جاوے ہے۔ تب وہ برے کام کرے ہے تب اس کو بہت بھوک دیواں اور اس کو روگ (بیماری) دیواں اور اس کوں مہا روگ (بہت زیادہ بیماری) دیواں اور اس کو خراب کراں۔ تب وہ اندھا کہے کہ میری روٹی صاحب کے پاس نہیں ہے کوئی ہم کو دیوے تو راضی ہووے۔ جے نکتا گالی دیوے تو ہم ہنس کر راضی ہوواں اور اس کو مایا مکتی دیواں۔ جب مایا اس کے پیٹ ماہیں آجاوے تب اس کی بھوک مٹ جاوے تو وہ اس بھوگ اور سواداں (ذائقوں) میں پڑجاوے تو بھی ہمارا نام بسار (بھول) بیٹھے ہے۔ ایسا مایا (دنیا) کا مدھ (مزاج) ہے تب اس مایا سوں میں اپنے سنتا فقیراں کو نیارا (الگ) راکھیا (رکھا) ہے۔

اتنا دیواں جتنا ہلاونت (چلاتا) ہے۔ بھیڑ (مشکل) پڑے اس کا کارج (کام بنانا) کر دیواں اور جو ساچے سنت فقیر ہم کوں پیارے ہیں اور نر آپنکھ (بے سہارا) سنت بھی ہم کوں پیارے ہیں۔ سنو راجہ بجے سنگھ جی ایہہ تو سرب وچار ہے۔

تب راجہ بجے سنگھ جی ہاتھ جوڑ کے پرکماں دے کر ڈنڈوت کر کے وندنا کر کے روحل صاحب کے چرن کنول میں سیس (سر) نوا (جھکا) کر کہیا اے مہاراج میرے سر پر ہاتھ دھرو۔ ہم آپ کے بندے چیلے ہیں آپ ہمارے صاحب ہو۔

دربار میں جتنے سادہ تھے اُمراء سردار تھے اور لوک لاکھاں (لاکھوں) ہتے (تھے) سو سب پاؤں پڑ گئے چیلے ہو گئے۔ پیچھے روحل صاحب راجہ بجے سنگھ جی کو آسیس (دعا) دیا۔ سر کے اوپر ہاتھ دھریا۔ سرب باتوں کا وچار جو کوئی تھا سرب سنا دیا۔ اپنا نج سروپ (خالص شکل و صورت) لکھائے (دکھا) دیا۔ سار سبدھ سمرن (پوجا کے طریقے) وغیر کرائے دیا۔ دیس کال بتائے دیا۔ آپ ماہیں سمائے رہیا دوسرے سادھو جو کوئی فقیر تھے۔ کئی کبیر پنتھی تھے کئی ناتھ تھے کئی سوامی سیناسی تھے کئی تپسوی ناگے تھے کئی روکھڑیا بیراگی تھے کئی مداری اور دودھا دھاری تھے کئی برہمچاری پنڈت تھے۔ کئی جوتشی تھے کئی برہمن اور لاکھوں ہزاروں لوگ تھے سردار امراء تھے سرب ہی روحل صاحب سوں اپدیش (ہدایت) لیا۔ سرب روحل صاحب کی دربار کے چیلے ہو گئے۔ سب ہی بھجن میں لاگ رہے ہیں۔ روحل صاحب سرب لوکاں کوں تول کھوج بتا دیا

ہے۔ سار سبدھ سمرن کہہ دیا۔ نرآپکھ نام سنا دیا۔ بڑی ست سنگ لاگ رہی ہے۔ آٹھ پہر بھجن بلاس ہو رہے ہیں۔ آنند اُچھرنگ (خوشیاں) ہو رہے ہیں۔ اک پاسے گیان چرچا ہو رہا ہے ایک طرف کتھا کیرتن ہو رہا ہے۔ اک پاسے تندورا اور ستارا باج رہے ہیں وانی وارتا ہو رہی ہے۔ اک پاسے ڈاڈھی گا رہے ہیں یوں ست سنگ کرتے کرتے ایک ماہ سات دن رہیا روحل صاحب گلاب ساگر محلات کے ماہیں۔

پیچھے راجہ بجے سنگھ جی نے چڑھاوا کینا۔ کڑا کنٹھا جڑاؤ' بالا پنا پگاں (پاؤں) کا دوپٹہ زرداری دھوتیاں کناری دار۔ چکورا کلا کلنگی داری۔ پاگاں پوشاکاں چنور چھتر۔ گھوڑا سجایا اونٹ کجاوا' ہاتھی عنباری' رتھ چھکڑا' پالکی نقارہ' جھنڈا' سوالاکھ روپیہ تھیلیاں میں۔ دس ہیراں کا نگ۔ بیس لعل' دس پنا۔ دو ہزار مہراں۔ تمبو قناتاں' ایہہ سب چیزاں راجہ بجے سنگھ روحل صاحب کو چڑھاوا کینا (کیا)۔

روحل صاحب نے ایک بھی چیز نہیں لی اور آپ کہنے لگے۔ اے راجہ بجے سنگھ جی ان بستاں (چیزاں) کا ہرکھ سوگ نہیں ہے۔

تب راجہ بجے سنگھ جی کو بڑا دکھ ارمان ہوا تب روحل صاحب نے سب چیزیں راجہ کا دھرم کرائے دیا برہمن لوکاں اور غریب لوکاں کو راجہ کا دھرم کرائے دیا۔

روحل صاحب ایک چیز بھی لینی ناہیں۔ پیچھے روحل صاحب سندھ کی

تیاری کرنے لگے راجہ بجے سنگھ سواری لے کر روحل صاحب کے سنگ بالوتری مقام تک ساتھ آئے۔ پیچھے روحل صاحب عمر کوٹ پاچھے پدھارے۔ روحل صاحب سیر جودھپور کا کرکے پاچھا (واپس) پدھاریا (تشریف لائے)

اتھ روحل صاحب اگم وارتا سمپورن سماپت ہوئی۔

شاستر "انتربلاس"

انتربلاس کے لفظی معنی "اندرونی خوشی" یعنی اندر کی روشنی۔ اس شاستر میں روحل صاحب اور آپ کے بڑے فرزند صوفی شاہو سائیں کے درمیان سوال جواب ہیں۔ دوسرے شاستروں کی طرح اس شاستر میں بھی روحل صاحب نے نیکی 'ہدایت 'معرفت ' روحانیت اور حقیقت کا درس دیا ہے۔

محقق نے اس شاستر کو بھی مختصراً بیان کیا ہے۔

چوپائی: انتر بلاس جس کوں جاگے کرم بھرم کا سنسا بھاگے
پورے گرو کو سیس چڑھاوے چرن کنول میں الٹ سماوے
سیس دیوے گرو آگے بھیٹ دبدیا درمت ساری میٹ
تن من دیوے سنکے ناہیں لاگ رہے چرنا کے ماہیں

ترجمہ انتربلاس مرشد کا دیا ہوا ایک ایسا سبق ہے جس کے اپنانے سے وہم و گمان اور شک و شبہ دور ہو جاتا ہے۔ یہ انتربلاس کامل درویش کی صحبت میں آنے اور اس کے قدموں میں آنے سے حاصل ہوتا ہے۔ انتربلاس حاصل ہونے سے انسا فوراً اپنا سر مرشد / گرو پر قربان کر دیتا ہے اور اس کے اندر کی تمام دوئی وغیرہ ختم ہو جاتی ہے وہ فوراً اپنا سب کچھ بلا شک و شبہ مرشد پر وار دیتا ہے اور اپنا ٹھکانہ مرشد کے چرنوں میں بنالیتا ہے

دوہا: کر ارپن سرکایا ساری جے تم ہو سور بچاری
گرو اوپر دھن مال نوار گرو کوراکھ تجو سنسار

دوہا: گرو کا مان وَچن سوار لے پر تیت پرکھ رنج پورا
گرو صاحب کی سیوا کیجئے چرن دھوئے امرت لیجئے

دوہا: آٹھ پہر کا گرو کا سنگ کر قربان اپنا سر انگ
کا یامایا کام نہ آوے جیونت گرو کے بلے لگاوے

دوہا: گرو صاحب کی سرپر چھاپ پیچھے دوش کرم نہیں پاپ
گھاٹ ٹیا جب او گھٹ پایا پیچھے کال کرم نہیں کایا

دوہا: پورا سوئی جو گرو وچنے ہالے پریت نبھائے وچن کوپالے
سیس پڑے گرومت نہیں جاوے ساچادھام صاحب کا پاوے

دوہا: اصل دھام. کوئی پورا پاوے نگر.یکوں او ہاتھ نہ آوے
نگرا اونارہیا ادھورا جس کوں ست گرو ملیا نہیں پورا

دوہا: گرو بن گھوراندھیرنہ جائے گرو بن نام کی خبر نہ پائے
گروبن ہاتھ نہ آوئے ٹھوڑ گرو صاحب ہے ہرکا موڑ

دوہا: گرو بن نگرا ساکٹ ٹھُوٹھ گروبن نگرا جیسا اُونٹھ
گروبن نگرا پاوے کاہیں گرُوبن نگرا بیل کی نائیں

دوہا: گرو بن نگرا جیسا سوان گرو بن بھولا سرب اُجان
گرو بن کرودھ نہ جاوے ریس گرو بن نگرابسوا بیس

دوہا: گرو بن نگرا ہے اپرادھی جیسے مارے جیو پرادھی
نگرا پاپی پاپ کماوے گرو بن موکھ مُگت نہیں پاوئے

دوہا: گرو بن ُنگرا کبھو نہ چھوٹے جس کوں جم پکڑ لے کوٹے
تھاپ دے کر آگا چلاوے پھاسی گلے میں ناتھا جاوے

دوہا: گرو بن ُنگرا رہیا الوُنا گروبن ُنگرا اندھا اوُنا
گرو بن ُنگرا مورکھ مور گرُوبن ُنگرا بے شعوُر
چوپائی گرو ہے گت مکت کا داتا گرُ بن گھور اندھیر نہ جاتا
گرُ ہے صاحب گر ہے ماہیں گر بن دوجا کوئی ناہیں
گرُصاحب کا نام لے کر کوٹ کوٹ پر نام
روحل گرُ پرتاپ سوں پاوے پوری دھام

"اوپر کے تمام دوہوں اور چوپائی میں روحل صاحب نے پیرو مرشد کی شان بیان کی ہے اور بے پیر انسان کی حالت بھی بیان کی ہے۔ چوپائی میں روحل صاحب فرماتے ہیں کہ رہبر کے بغیر اندھیرا ہی اندھیرا ہے پیرو مرشد ایسی ہستی ہے جس کا بیان نہیں کیا جاسکتا۔ پیرو مرشد کو کروڑوں سلام۔ پیرو مرشد کی مہربانی سے انسان کو اصل مقام ملتا ہے۔"

روحل صاحب اور شاہو سائیں کے درمیان سوال جواب۔

سوال شاہو سائیں:

دوہا: پورے گرو کوں رکم کر جانیئے کس بدھ پڑے پچھان
شاہوُآپ عرج کرے دیو سرب گیان

دوہا: گرو بن نگرا کبھو نہ چھوٹے جس کوں جم پکڑ لے کوٹے
تھاپ دے کر آگا چلاوے پھاسی گلے میں ناتھا جاوے

دوہا: گرو بن نگرا رہیا الونا گروبن نگرا اندھا اونا
گرو بن نگرا مورکھ مور گروبن نگرا بے شعور
چوپائی گرو ہے گت مکت کا داتا گر بن گھور اندھیر نہ جاتا
گر ہے صاحب گر ہے ماہیں گر بن دوجا کوئی ناہیں
گرصاحب کا نام لے کر کوٹ کوٹ پر نام
روحل گر پرتاپ سوں پاوے پوری دھام

"اوپر کے تمام دوہوں اور چوپائی میں روحل صاحب نے پیرو مرشد کی شان بیان کی ہے اور بے پیر انسان کی حالت بھی بیان کی ہے۔ چوپائی میں روحل صاحب فرماتے ہیں کہ رہبر کے بغیر اندھیرا ہی اندھیرا ہے پیرو مرشد ایسی ہستی ہے جس کا بیان نہیں کیا جا سکتا۔ پیرو مرشد کو کروڑوں سلام۔ پیرو مرشد کی مہربانی سے انسان کو اصل مقام ملتا ہے۔"

روحل صاحب اور شاہو سائیں کے درمیان سوال جواب۔

سوال شاہو سائیں:

دوہا: پورے گرو کوں کم کر جانیئے کس بدھ پڑے پچھان
شاہو آب عرج کرے دیو سرب گیان

دوہا: گیان بناں گم کم پڑے جب ست گر کہہ سمجھاوے
شاہو پر دیا کرو دیو ترُنت لکھائے

"شاہو سائیں اپنے مرشد روحل صاحب سے سوال کرتے ہیں کہ کامل درویش کی کیا نشانیاں ہوتی ہیں اور وہ نشانیاں کس طرح پہچانی جاتی ہیں۔ مہربانی فرما کر صحیح اور واضح کر کے بتائیں۔"

جواب روحل صاحب

دوہا: ست گرو پورن پُرش ہے سدا بے پرواہ
روحل او راجہ بھئے اور راجاؤں کے پادشاہ

دوہا: انگ آچھو نرملو نین بین بھرپُور
روحل وچن بولے موتی پڑے کوئی چُگے ہنسا سور

"روحل صاحب۔ فرماتے ہیں کہ رہبر مرد کامل اور بے پرواہ ہونا چاہیئے رہبر ایک بادشاہ ہوتا ہے ایسا بادشاہ جو تمام بادشاہوں کا سردار۔ مرشد کامل پاک وصاف ہوتا ہے اور اس کی آنکھوں میں نور رہوتا ہے۔"

سوال شاہو سائیں

دوہا: اوہ تو صاحب آپ ہو نہچل نراودھار
سب سرشٹی کے ناتھ ہو صاحب سرجن ہار

دوہا: میرے تو اب آپ ہو دوجا ناہیں کوء
اک چیلا دوسرا ست گرو تیجا صاحب ہوء

دوہا: ان تینوں کا بز نے کھو ایک ایک وچار
کرو نبیڑا ہم سوں کس بدھ کس پرکار

"شاہو سائیں مرشد کی شان کو اجاگر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ میرے لئے آپ ہی سب کچھ ہیں۔ شاہو سائیں طالب و مطلوب اور مالک حقیقی کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ ان کی حقیقت کو مجھ پر واضح کریں۔"

جواب روحل صاحب

دوہا: جیوں سورج آکاس سوں ڈسے ماہیں کانسی
اس کانسی کو جھلکو بھیو چھت اوپر باسی

دوہا: تیوں صاحب ست گر چیلے کو بچار ہے تینوں ماہیں ایک
ایک ایک میں ہے جس میں سرب انیک

دوہا: دیکھت بھولی دنیا کرے سنت ورول
کھوج بتاوے ابو جھکوں بھرم مٹاوے بھول

"روحل صاحب فرماتے ہیں کہ مالک حقیقی کا نور ہی ہے جس سے پوری دنیا روشن ہے۔ جس طرح سورج کو کانسی کے برتن میں دیکھا جائے تو اس کا عکس دیوار اور چھت پر بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ اسی طرح مالک کا نور بھی طالب و مطلوب اور دنیا میں روشن ہے۔"

سوال شاہو سائیں

دوہا: صاحب اُتپن کانْتے بھیو کم صاحب تے سنسار
ایہی اب ہم کوں کہو سارو سرب وچار
دوہا: ہمپوچھوں آپ کہو تیجا کہے کون
شاہو پر کرپا کرو جیوں سوجھے تین بھون

"شاہو سائیں پوچھتے ہیں کہ پہلے یہ کائنات کیا تھی اور کیسے وجود میں آئی۔ میں تو آپ ہی سے پوچھ سکتا ہوں آپکے سوا دوسرا کوئی بیان نہیں کر سکتا۔ مجھ پر مہربانی فرمائیں کہ مجھے سب چیزوں کی روشنی ہو جائے۔"

جواب روحل صاحب

دوہا: سب کا صاحب ہم ہوں آیا روحل نام کہائے
مجھ کو کوئی جانے ناہیں غافل غوطہ کھائے
امرلوک سوں آیا جیوں ڈیکھاری ڈیکھ
اصل دھام کی گمُ ناہیں بھولا سارو بیکھ
نیاری میری دھام ہے اسنگ جگاں سوں اگیاد
سُرزُ اوتار پیچھے ہویا کھٹ چکر ورس سب سادھ
سرشٹی کی رچنا رچی نہیں آکار نہ کوئی استھول
اس پل میں "روحل" آپ تھا نج سروپ نج مول

"روحل صاحب فرماتے ہیں کہ میں ہی سب کا صاحب ہوں جو لوگ مجھے

نہیں جانتے وہ غافل ہیں۔ میری منزل جدا اور الگ ہے میرا وجود کائنات کے وجود میں آنے سے پہلے تھا۔ اوتار، دیوتا وغیرہ بعد میں آئے۔"

شاہو سائیں روحل صاحب کی مہما کرت ہیں۔

چوپائی: روحل صاحب پر بلہاری میری پریت لاگی اتت پیاری
شاہو نس دن بلہاری جاوے پلک پلک بلہاری جاوے
روحل صاحب نام کہا یا مرت لوک میں اگم سوں آیا
اگم اگوچر دھام گھیری شاہو سنت سُنے سُدھ سیری
روحل صاحب سب کا سائیں پر گھٹ نام ہے جاہیں تاہیں
شاہو سدا چرناں کے ماہیں روحل صاحب بن میرا کوئی ناہیں
شاہو ہر دم نام اچارے پیا پیا کر پیا پکارے
روحل صاحب سب کے بھیلا بیلے اوپر ہر دم نیڑا
شاہو سدا چرناں کے ماہیں روحل صاحب بن میرا کوئی ناہیں
روحل صاحب سانبھلت سب کی کرت سہائے
شاہو جس کے نام پر نت بلہاری جائے

"شاہو سائیں اپنے پیرو مرشد روحل صاحب کی شان کے متعلق فرماتے ہیں کہ میں ہر وقت اپنے مرشد پر قربان جاؤں کیونکہ میری ان سے محبت بے مثال ہے۔ روحل صاحب کے نام نے مجھے زندہ جاوید بنا دیا ہے وہ سب کی مدد کرتا ہے اور سب کے ساتھ ہے۔ میں تو ہر وقت ان کے قدموں میں ہوں

کیونکہ اس کے بغیر میرا کوئی وسیلہ نہیں۔ اسی وجہ سے میں ہر دم اس کا نام لیتا ہوں اور پکارتا ہوں وہ میری سنتا ہے اور مدد کرتا ہے میں صرف اور صرف اس کے نام پر قربان ہوں۔"

"ہندی سہ حرفی حضرت صوفی روحل صاحب"

دوہا۔ صِفت کرو سُبحان کی جو آدھ انت مدھ ہوئے
سو ایکو ایک اکھنڈ ہے اور نہ دُوجا کوئے

دوہا۔ ایک ہی اکھر ارتھ لے نہیں کو اکھر انیک
رے من بھول مت پھرو انت جگہ ہے ایک

دوہا۔ سو ایک ایک سب کو کہے جانت نہیں نویک
کو ایک جوگی جنجھورے الٹ سماوے ایک

دوہا۔ ایکو ایک جب درسیا مٹیا تن کا تاپ
روحل رتا ایک سوں ست گرو کے پرتاپ

"درج بالا دوہوں میں روحل صاحب حقیقت کی بات کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ تمام تعریفیں صرف اسی مالک کے لئے ہیں جو اول و آخر ہے۔ اعلیٰ ہستی صرف وہی ہے باقی دوسرا کچھ نہیں ہے۔ صرف ایک ہی حرف انسان کے لئے کافی ہے ادھر ادھر بھٹک کر آخر ایک ہی جگہ جانا ہے ایک ایک تو

تمام لوگ کہتے ہیں لیکن اصل حقیقت تو کوئی درویش کامل ہی پا سکتا ہے۔ روحل صاحب فرماتے ہیں کہ جب مجھے اسی ایک کا دیدار ہوا تو مجھے سکون آیا اور یہ سب کچھ مجھے اپنے مرشد کامل کی وجہ سے حاصل ہوا ہے۔"

(الف) الف ایک الکھ ہے جوئی گھٹ بھیتر دیکھیا سُور
جہاں دیکھوں تہاں نِرمل نور سرب نِرنتر ہے بھرپور
"ایک اسی مالک کی ہستی سب میں جلوہ افروز ہے اور اسی کا نور ہر جگہ پھیلا ہوا ہے۔"

(ب) بے بادل برسے دھار بن بجلی چمکے اَنت اپارا
پیوے امرت پریمی پورا تہاں پہنچے کوئی وِرلا سورا
"اس مقام پر بن بادل برسات اور بن بجلی بے حد روشنی ہوتی ہے لیکن اس مقام پر پہنچ کر آبِ حیات تو کسی نصیب والے مرد بہادر کو ملتا ہے"۔

(ت)۔ تے تن کھوج چڑھیو نِروانا تہاں نہ پہنچے جم کا بانا
امر پیالہ ہر دم پیوے کال نہ ویاپے جُگ جُگ جیوے
"جب انسان اپنی ہستی کو پہچان لیتا ہے تو پھر اس کو موت کا ڈر نہیں رہتا وہ امر ہو جاتا ہے اور ہمیشہ کی زندگی اسے مل جاتی ہے۔"

(ث)۔ ثے ثابت کر انتر یامی آد انت کا جھُوٹا سوامی
انتر کھول ملے کوئی پورا نز بھئے ناد بجاوے تُورا

"اسی مالک پر بھروسہ رکھ جو اول اور آخر کا مالک ہے اپنی اندر والی کھڑکی کو کھول وہ تجھے ضرور مل جائے گا پھر تو بے خوف وخطر ہو جائے گا۔"

(ج)۔ جیم جگت تجؔ جھوٹا سنگ جھوٹے سے لاگے ڈنگ
رام نام کی بیڑی دھار بھوُ ساگر چڑھ اترو پار

"دنیا کے ساتھ جھوٹا رشتہ چھوڑ دے جس سے تجھے نقصان ہو گا۔ اسی مالک کے نام کی کشتی پر سوار ہو کر اس دنیا کو پار کر جاؤ"۔

(ح)۔ حے ہاسی مت جانے کوئی تن من ارپے سورا سوئی
پہلے مرے پیچھے جیوے امر پیالہ سو سنت پیوے

"مالک کو پیارا اور بہادر وہی ہوتا ہے جو اسے اپنا سب کچھ دے دے۔ آب حیات حاصل کرنا آسان بات نہیں اور نہ ہی کوئی مذاق ہے بلکہ اسے حاصل کرنے کے لئے جینے سے پہلے مرنا پڑتا ہے۔ "مُوتُو قبل انتَ مُوتُو"

(خ)۔ خے خالق سوں جو کو لاگے جم سر ناری آھنی داگے
نُن ہکھر میں آسن کرے ہر دم جیوے مول نہ مرے

"اس حقیقی ہستی سے جب رشتہ ہو جاتا ہے تو وہ دنیاوی چکروں سے آزاد ہو جاتا ہے پھر اسے ایسا بلند مقام ملتا ہے کہ وہ ہمیشہ کی زندگی پالیتا ہے موت سے آزاد ہو جاتا ہے۔"

(د)۔ دال دوارے ہر کے لاگی، میں میری نندراں سوں جاگی
اُرد سبدھ میں رہے سمائے نہیں تو جنم اکارتھ جائے

"جب کوئی اس مالک حقیقی کے مقام کو پالیتا ہے تو غفلت کی نیند سے بیدار ہو جاتا ہے۔ اسی مالک کی یاد میں ہر وقت رہنا چاہئے نہیں تو زندگی ضائع ہو جائے گی۔"

(ر)۔ رے رِن جھن لاگی جھنکار انتر دھن کی سُنی پکار
منو مست مگن ہوئے بیٹھا آپ آپ میں آپے بیٹھا

"روحل صاحب فرماتے ہیں کہ جب میں نے اپنے اندر (باطن) کو قابو میں کرلیا تو پھر مجھے دنیا و مافیہا سے کوئی غرض نہ رہی اور میں اپنے آپ میں مگن ہو گیا۔"

(ز)۔ زے زور لاگے ناہیں کوئی بھئی کرپا تب درسیا سوئی
پایا سکھ بھرم سب بھاگا الٹ چت چیتن سوں لاگا

"جب اس مالک کی مہربانی ہوئی تو مجھے اپنے مطلوب کا دیدار ہوا ورنہ میرے بس میں کچھ نہ تھا پھر مجھے سکون حاصل ہوا اور میرا شک و شبہ دور ہو گیا اور مجھے راہ معرفت ملی۔"

(س)۔ سین سنتوک پایا پھل لاگا جنم مرن کا سنسا بھاگا
مٹ گئی ممتا سہج سمایا آپ آپ کا درشن پایا

"روحل صاحب فرماتے ہیں کہ میں نے یہ مقام بڑے صبر سے حاصل کیا جینے مرنے کا شک و شبہ دور ہو گیا۔ جب میں نے اپنے آپ کو پہچان لیا تو میری تمام خواہشات ختم ہو گئیں۔"

(ش)۔ شین شراب پریم رس پیا منوا گھن بھیا رس دیا
ان کے گھر سرت سمانی گرہیا کھیر تجیا پانی

"عشق اور محبت کی جب میں نے شراب پی تو اپنے آپ کو بہت خوش پایا اور جب سے اسی مالک سے لو لگائی ہے تب سے پانی کی جگہ دودھ ملتا ہے۔"

(ص)۔ صواد صبوری سانت جب آئی بھولا بھٹکن تھاء پائی
جاگا سبدھ بھرمنا جاگی رام نام رشنا دھن لاگی

”جب سے میں نے صبر اور خاموشی کو اختیار کی تب سے میں واپس اپنی جگہ پر آگیا ہوں اور جب سے میں نے اس مالک سے لو لگائی ہے میرا شک و گمان دور ہو گیا ہے۔“

(ض)۔ضواد ذرا کچھ واں بن ناہیں سب گھٹ کھیلے جا بجائیں
اندھا لوک بوجھے کوئی تب جانے جب کرپا ہوئی

”ہر جگہ وہی ہے اور اسی کا جلوہ موجود ہے۔ غافل کو اس کے جلوے کا اس وقت پتہ چلتا ہے جب اس پر مالک کی مہربانی ہوتی ہے۔“

(ط)۔ طوئے تنت جب درسے ناہیں مورکھ ڈھونڈے سُنجیاں جاہیں
بناں بچار کوئی نہیں پُوگا بھئی کرپا تب سورج اُوگا

”روحل صاحب فرماتے ہیں کہ اپنے آپ کو پہچانے بغیر انسان جاہل رہ جاتا ہے بغیر مالک کی کرپا کے یہ مقام کوئی نہیں پاتا اس کی نوازش سے ہی روشنی ہوتی ہے۔

(ظ)۔ ظوئے ذات جب آپے بوجھی تین لوک کی میں نے سوجھی
جانی ذات جب کرپا کینی ایسی بدھ کرپا کر دینی

”جب اپنے آپ کو پہچان لیا تب سے ہر دو جہاں سے واقف ہو گیا ہوں یہ

سب مالک کی مہربانی ہے۔"

(ع)۔ عین عنائت ھر کی جانی برسن لاگے امرت پانی
گئی پرانی جوبھن آیا جم سو لیکھا ترت چُکایا
"اسی مالک کی عنائت سے مجھ پر نوازشوں کی بارش ہونے لگی اور میں
جوان ہو گیا اور موت سے بے خوف ہو گیا۔"

(غ)۔ غین غیر تج زمل رہیں ننِدیا نیکی سر پر ہیں
چھاڈ سیانپ بہوں چُترائی ست سبدھ ملے رگھورائی
"غیر کو چھوڑ کر صرف اسی ایک مالک سے لو لگا کر پاک صاف ہو جا چاہے
دنیا برائی کرے یا بھلائی اسی کی فکر مت کر۔ زیادہ چالاکی اور ہوشیاری چھوڑ کر
صرف مرشد کے کہنے پر چل۔"

(ف)۔ فے فکر تج جھوٹی آسا حد گھر چھوڑ بے حد گھر واسا
ارُد ارُد مل ممتیا ماری جیتا چیتن من ہاری
"پریشانی چھوڑ کر اور جھوٹی خواہشات سے منہ موڑ کر اپنے آپ لا انتہا
بنا لے۔ چاروں طرف کے تفکرات کو چھوڑ کر ہی راہ راست پر آیا جا سکتا
ہے۔"

(ق)۔ قاف قرَب میں تبھی پایا آتم رام کے سرنے آیا
چھوڑ جپ تپ سرنے آیا آپ آپ کا درشن پایا

"اس کا قرب تب حاصل ہوا جب میں نے اسی ایک مالک سے لو لگائی۔"

(گ)۔ گاف گیان دِیپ گھٹ جاگیا بھیا اُجوارا پاس لاگا
کنچن دیہہ بھئی سب کایا ایسا رتن امولکھ پایا

"میرے اندر کا اندھیرا مٹ گیا اور اجالا ہو گیا جس طرح پارس کے چھونے سے لوہا سونا بن جاتا ہے۔ اب میں بالکل صاف ہو گیا ہوں اور ایک انمول ہیرا حاصل کر یا ہے۔"

(ل)۔ لام لگن ہرسوں جب لاگے پورن پد پایا من بھاگے
پاپ پُن کا بندھن ٹوٹا بھئی کرپا تب جم سوں چھوٹا

"جب سے میں نے اس مالک سے لو لگائی تب سے مجھے سیدھا راستہ ملا۔ اب میں گناہ اور ثواب سے آزاد ہو گیا ہوں اور یہ سب اس مالک کی مہربانی ہے کہ میں موت کے پھندے سے چھوٹ گیا ہوں۔"

(م)۔ میم مہماں رَس جب ہی ڈِیٹھا جب چاکھیا تب لاگیا مِیٹھا
پریم پیالہ بھر بھر پیا سر کے ساٹے صاحب لیا
"اس کی عنائتوں کا پھل ایسا میٹھا ہے جس کی کوئی مثال نہیں روحل صاحب فرماتے ہیں کہ میں نے ان عنایتوں کے جام نوش کیے ہیں اور اپنا سر قربان کرنے کے عوض میں نے مالک کو پالیا ہے۔"

(ن)۔ نون نام جب نہنچے آیا جی سی میں الٹ سمایا
چھوڑیا موہ بھیامتوالا انترگھٹ بھیا اجوالا
"میں نے صرف اسی ایک مالک کا نام لیا اور اسی میں گم ہو گیا۔ میرے اندر روشنی ہو گئی ہے اور میں نے دنیاوی خواہشات کو چھوڑ دیا ہے۔"

(و)۔ واؤ وِیک وچار سب تھا کے سو پیا پایا پیاسے جانکے
چاند سورج دونوں ایک گھر آیا چنچل چت نہچل پد پایا۔
"اس پیا کو ہم نے پالیا ہے جس کا ہم سوچ بھی نہیں سکتے تھے۔ چاند اور سورج دونوں کی ایک ساتھ روشنی ہو گی میرا بھٹکا ہوا من راہ راست پر آگیا۔"

(ھ)۔ ہے ہاری ماڑی تب جیتی مرکے اَمر خماری پیتی

دعویٰ چھوڑی داء تب آیا نر دعویٰ تھی اَنجن پایا

"میں نے ھار مان کر ہی بازی جیتی ہے اور یہ بازی جیتنے کے لیئے بڑی کوشش کرنی پڑی ہے۔"

(۶)۔ الف اللہ گھٹ بھیتر آیا سندَھ سندھ مل الکھ جگایا

سن دھن سیتی لا گا لارا دریا پورن برھم اپارا

"جب میرے اندر اس مالک کی روشنی ہو گئی تو وہ مجھے ہر جگہ نظر آیا اور میں اس مقام سے وابستہ ہو گیا جہاں مجھے وہ دکھائی دیا جس کا کوئی ثانی نہیں۔"

(ی)۔ یے یاری جب کینی آپ ٹیا دکھ تن کا تاپ

چھوڑیا جپ تپ سرنے آیا "روحل" رتن اموُلکھ پایا

مفہوم۔

"روحل صاحب فرماتے ہیں کہ جب سے میں نے اس کے ساتھ دوستی یعنی لو لگائی ہے تب سے میرے تمام دکھ درد دور ہو گئے ہیں۔ میں تمام چیزوں کو چھوڑ کر مالک کی سیوا میں آگیا اور ایک انمول ہیرا پا لیا۔"

دوہا: مول تول واں کا ناہیں رنگ نہیں روپ

سکل ورن و یا یک سدا روُپ روُپ میں روُپ

"وہ سمجھ اور فکر سے بالاتر ہے وہ رنگ اور شکل سے بالاتر ہے اور کامل روپ میں رہتا ہے۔"

دوہا: روپ روُپ میں دیکھیا وہی رُوپ انوُپ
ست گرو وچنے سمجھیا روحل رُوپ انوَپ

"میں جدھر دیکھتا ہوں ادھر تیرا جلوہ ہے۔ مرشد و ہادی کی ہدایت سے ہی میں ایسے جلوے سے آشنا ہوا ہوں۔"

دوہا: سن سُکھ ہوء درشن کیا کینی دیا دیال
"روحل" رتا رام سوں ہُٹیا آل جنجال

"روحل صاحب فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے مالک کی مہربانی سے اس کا دیدار کیا تب سے میں اسی کے رنگ میں رَچ گیا ہوں اور تمام مشکلات سے باہر آیا ہوں۔"

صوفی مراد فقیر

"صوفی مراد فقیر سائیں"

صوفی مراد فقیر کا شمار سندھ کے عظیم شعرا میں ہوتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ مشہور صوفی ہستی روحل صاحب کی صحبت میں رہے اور ان سے فیض حاصل کیا۔ ایک معلومات کے مطابق صوفی مراد سائیں نے روحل صاحب کے ساتھ جودھپور، جیسلمیر، بیکانیر اور ہندوستان کے دوسرے علاقوں کا سفر کیا۔ آپ کے والد بزرگوار کا نام حیات فقیر تھا جو روحل صاحب کے چچا زاد بھائیوں میں سے تھے۔

آپ کی شاعری سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی تعلیم اعلیٰ درجے کی تھی۔ آپ نے ہندی اردو سندھی سرائیکی اور فارسی میں بھی شاعری کی ہے۔ آپ ایک بلند پایہ شاعر تھے۔ آپ کے ہندی دیوان کا نام "پریم گیان" ہے اس کے علاوہ ان کے سرائیکی، سندھی، اور فارسی میں بھی مجموعۂ کلام موجود ہیں۔ محقق کی کوشش ہوگی کہ مجموعۂ کلام کا کچھ حصہ آپ تک پہنچایا جائے۔ آپ کی فارسی شاعری آپ کے ہم عصر شاعر سچل سرمست کے بہت قریب ہے۔ مثلاً "دیوانِ مراد" اور "دیوانِ آشکار"۔

"فارسی کلام"

صوفی مراد سائیں کے فارسی کلام میں سے کچھ حصہ پیش کرتے ہیں۔

(غزل)

ساقیا دہ شراب نقاب مرا　　که بر آرد همه حجاب مرا
گرچه ام الخباث می خواند　　نیست ازیں صواب مرا
بہ طبیبِ عشق دردِ خود گفتم　　می خور گفت در جواب مرا
در راہ عشق بہ سبک ساری　　بار سر کر دہ اضطراب مرا
گر رود سر "مراد" رفتن دہ　　نیست پرواہ چنین حساب مرا

